Jubilee
FAMILY TAKAFUL



# تکافل وقار پلان

## ویلتھ مینجمنٹ پلان

HBL

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز

ہم سب کی خواہش ہوتی ہے کہ ہم اور ہماری فیملی خوشگوار زندگی گزارے اور یہ خواہش خاص طور پر ان کے تحفظ اور مالی استحکام کا تقاضہ کرتی ہے جو کہ انہیں اس بات کی یقین دہانی کراتی ہے کہ آپ ان کے درمیان موجود نہ بھی ہوں تو بھی وہ سکون واطمینان کی زندگی گزار سکیں۔

ایچ بی ایل پاکستان اپنے قابل اعتماد معاون جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ونڈو تکافل آپریٹرز کے تعاون سے آپ کو پیش کرتا ہے "تکافل وقار پلان" جو کہ مالی اعتبار سے مستحکم افراد کے لئے مرتب کیا گیا پلان ہے جس میں زیادہ ایلوکیشن اور آپ کے مقاصد کے حصول کی یقین دہانی کے ساتھ ساتھ اپنے پیاروں کو بہترین مالی تحفظ بھی فراہم کرنے کی سہولت موجود ہے۔

تکافل وقار پلان آپ کو شریعت کے اصولوں کے مطابق انتخاب کا موقع فراہم کرتا ہے جس میں نہ صرف آپ اپنے مالی اہداف کا انتخاب کر سکتے ہیں بلکہ اپنے پیاروں کے لئے تکافل وقار پلان کی مدد سے دائمی خودمختاری کی بدولت ذہنی سکون بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

## فیملی تکافل پلان کیا ہے؟

فیملی تکافل پلانز باہمی تعاون، استحکام اور کمیونٹی کے فوائد کے لئے شرعی اصولوں کی مدد سے ترتیب دیا جاتا ہے۔ تکافل کے زیرِانتظام افراد باہمی تعاون کی بنیاد پر آپس میں ایک دوسرے کے مستقبل میں ہونے والے خطرات کو تقسیم کرتے ہیں۔

## تکافل کیا ہے؟

"تکافل" عربی زبان کا ایک لفظ ہے۔ جس کا مطلب باہم ایک دوسرے کا ضامن بننا ہے۔ یہ ایک مشترکہ پولنگ سسٹم ہے۔ جو کہ بھائی چارہ اور باہمی تعاون کی بنیاد پر مبنی ہے۔ جہاں پارٹسپنٹس ضرورت کے موقع پر ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

## تکافل کے بنیادی اصول:

1۔ پارٹسپنٹس "تبرع" کی بنیاد پر ایک دوسرے کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنے کے لئے وقف پول میں ایک مقررہ رقم ادا کرتے ہیں جسے "کنٹری بیوشن" کہا جاتا ہے اور اس فنڈ کو "وقف فنڈ" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

2۔ ونڈو تکافل آپریٹر بحیثیت وکیل وقف فنڈ کا انتظام وانصرام کرتا ہے جسے انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ (IFTPF) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

3۔ کلیمز کی ادائیگی انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ (IFTPF) سے کی جاتی ہے۔

4۔ سرپلس ہونے کی صورت میں (IFTPF) میں موجود رقم کی تقسیم شریعہ ایڈوائزر اور کمپنی کے منتخب کردہ ایکچوریز کی منظوری سے کی جاتی ہے۔

## پلان کی خصوصیات:

- آپ اپنی مالی حیثیت کے مطابق ہر سال اپنے کنٹری بیوشن میں سے کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ رقم کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
- آپ کنٹری بیوشن کی رقم سالانہ یا ششماہی ادا کر سکتے ہیں۔
- آپ اپنی سیونگز اور تحفظ کا اپنی ضرورت کے مطابق انتخاب کر سکتے ہیں۔
- آپ اپنے تحفظ کو مزید مستحکم کرنے کے لئے اختیاری تکافل فوائد کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں۔

## اہلیت :

اگر آپ کی عمر 18 سال سے 65 سال تک ہے تو آپ تکافل وقار پلان سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں جسکا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنی ممبر شپ کو 10 سال سے 25 سال تک برقرار رکھ سکتے ہیں بشرطیکہ میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو (یہ تمام فوائد ممبر شپ کے وقت آپکی عمر اور آپکی ضروریات کے مطابق ہونگے )۔

**نوٹ:** براہ کرم ایچ بی ایل کی برانچز میں موجود تکافل کے منتخب کردہ نمائندے سے رابطہ کیجئے جو آپ کی ضروریات کے مطابق مناسب پلان پیش کر سکے گا برانچ کی تفصیلات ویب سائٹ www.hbl.com پر موجود ہیں۔

## پلان کے فوائد:

- **تکمیلِ مدت کا فائدہ:**
  آپ کو بخیر وعافیت تکافل وقار پلان کی مدت مکمل ہونے کی صورت میں آپ کے فنڈ میں موجود جو بھی قدر نقد رقم ہو ادا کردی جائے گی۔

- **وفات کی صورت میں:**
  خدانخواستہ آپ کے دنیا میں نہ رہنے کی صورت میں آپ کے نومنی (منتخب کردہ شخص) کو موجودہ اثاثہ کی قدر نقد یا تحفظاتی فنڈ کی رقم (میں سے جو زیادہ ہو) انڈر رائٹنگ کی جانب سے بتائی جانے والی تفصیلات کے مطابق ادا کردی جائے گی۔ یہ پلان آپ سے وابستہ ضروریات کا تحفظ کرتا ہے جس میں آپ کا تحفظاتی کور سالانہ بنیادی کنٹری بیوشن کا 5 سے 25 کور ملٹیپل ہوسکتا ہے۔

- **ٹاپ اپ کنٹری بیوشن:**
  آپ کسی بھی وقت اپنی اضافی رقم کو ٹاپ اپ کر سکتے ہیں، آپ اس پلان کے تحت اپنی مستقل کی جانے والی سرمایہ کاری کو ٹاپ اپ کی رقم میں شامل کر سکتے ہیں۔ یہ کنٹری بیوشن پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ کی سرمایہ کاری میں موجود رقم کے مطابق شامل ہو جائے گا۔

## ضمنی اختیاری تکافل فوائد: (Optional Supplementary Takaful Benefit)

یہ پلان آپکو اضافی فوائد حاصل کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

- **ضمنی تکافل فائدہ برائے خاندانی سہ ماہی آمدنی: (Family Income Supplementary Takaful Benefit)**
  پارٹسپنٹ کی وفات کی صورت میں فیملی کو پابندی سے سہ ماہی آمدنی فراہم کی جائے گی جو کہ ضمنی تکافل فوائد کی متعینہ مدت کے اختتام تک جاری رہے گی۔

- **ضمنی تکافل فائدہ برائے حادثاتی موت: (Acceidental Death Supplementary Takaful Benefit)**
  اس ضمنی فائدہ کے تحت پارٹسپنٹ کے حادثاتی موت کی صورت میں پارٹسپنٹ کے جانب سے منتخب کردہ وارث یا ئی ورثاء کو نقد رقم (جو کہ پلان کی مد میں موت کی صورت میں ادا کی جانے والی رقم کے علاوہ ہوگی) ادا کردی جائے گی۔

- ضمنی تکافل فائدہ برائے حادثاتی موت یا جزوی مستقل معذوری:
**(Accidental Death or Dismemberment Supplementary Takaful Benefit)**

اس ضمنی فائدہ کے تحت حادثاتی موت یا کسی عضو کے ضائع ہو جانے کی صورت میں معذوری کی شدت کے مطابق مکمل یا جزوی فوائد کی ادائیگی کی جائے گی۔

## کنٹری بیوشن کی ادائیگی:

آپ مندرجہ ذیل ٹیبل کے مطابق کم سے کم کنٹری بیوشن ادا کر سکتے ہیں۔

| اقساط میں سہولت | کم از کم رقم |
|---|---|
| سالانہ | 1,000,000 روپے |
| ششماہی | 500,000 روپے |

## کنٹری بیوشن ایلوکیشن:

یونٹ اکاؤنٹ میں مختص ہونے والے کنٹری بیوشن کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔

| ممبر شپ کے سال | مختص ہونے والی % |
|---|---|
| 1 سال | 60% |
| 2 سال | 90% |
| 3 سال اور زائد | 95% |

آپکے پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں مختص ہونے والی بونس ایلوکیشن * مندرجہ ذیل ٹیبل کے مطابق ہوگی۔

| ممبر شپ کے سال | مختص ہونے والی % |
|---|---|
| 5 سال | 3% |
| 7 سال | 7% |
| 10 سال | 15% |
| 15 سال | 20% |
| 20 سال | 25% |
| 25 سال | 30% |

*بونس ایلوکیشن شرائط وضوابط پر منحصر ہیں۔

ٹاپ اپ کنٹری بیوشن 95% ہوگی۔

## شریعہ کمپلائنٹ فنڈز:

شریعہ کمپلائنٹ فنڈز وہ فنڈز ہیں جہاں شریعت کے اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی جاتی ہے جس میں اسلامک ایکویٹیز، صکوک، اسلامک ٹرم سرٹیفیکیٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینکنگ انسٹی ٹیوشنز وغیرہ شامل ہیں جو کہ ربا (سود)، قمار (جوا)، غرر (دھوکہ) جیسی خرابیوں سے پاک ہیں۔

## ہمارے شریعہ ایڈوائزر:

ہماری تمام پروڈکٹس ایک ماہر باصلاحیت شرعی ایڈوائزر کی زیرِ نگرانی شریعت کے اصولوں کے مطابق منظور شدہ ہوتی ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ شریعہ کمپلائنز ڈیپارٹمنٹ سرمایہ کاری اور آپریشنل مسائل کو شریعت کے اصولوں کے مطابق رہنمائی اور حل فراہم کرتا ہے۔ کمپنی کے شریعہ کمپلائنز کو مزید مستحکم کرنے کے لئے ایکسٹرنل شریعہ آڈٹ بھی کیا جاتا ہے۔

## جوبلی فیملی تکافل کی جانب سے میرا کنٹری بیوشن کس طرح مینج کیا جائے گا؟

آپکے دیئے جانے والے کنٹری بیوشن کی سرمایہ کاری آپکی مرضی کے مطابق شریعہ کمپلائنٹ فنڈز میں کی جائے گی۔

- **مینجڈ تکافل فنڈ:**

اس فنڈ کا مقصد شرعی اصولوں کے مطابق شریعہ کمپلائنٹ مقامات میں ایسی سرمایہ کاری کرنا ہے جس میں رسک اور منافع دونوں متوازن ہوں۔

- **کیپٹل گروتھ تکافل فنڈ:**

یہ فنڈ جارحانہ انداز سے آپ کی کیش ویلیو میں اضافہ کرتا ہے اس فنڈ کا مقصد زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جو پارٹسپنٹ کیلئے متنوع مقامات میں شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری سے حاصل کیا جاتا ہے۔

یہ فنڈز ماہر سرمایہ کاری کی ٹیم کی مدد سے ترتیب دیئے جاتے ہیں جو کہ شریعہ ایڈوائزر کی رہنمائی سے شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کرتی ہے جس میں کم سے کم رسک کے خطرات اور زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول شریعہ کمپلائنز کی کڑی نگرانی میں یقینی بنایا جاتا ہے۔

پلان کی مدت کے دوران آپکے کنٹری بیوشنز سے منافع حاصل ہوگا جو آپکی مرضی کے مطابق منتخب کردہ مدت کے اختتام پر آپکو موجودہ قدر نقد رقم کی شکل میں ادا کر دیا جائے گا۔

آپ اپنی کیش ویلیو کو کسی بھی وقت ان میں سے ایک یا دونوں فنڈز میں منتقل کر سکتے ہیں، ممبر شپ کے دوران ایک سال میں چار مرتبہ یا اس سے کم منتقلی کے کوئی اضافی چارجز نہیں لیے جائیں گے۔

**نوٹ:** جوبلی فیملی تکافل کے فنڈز کے نرخ صفِ اول کے روزناموں میں اور جوبلی فیملی تکافل کی ویب سائٹ پر دیکھے جا سکتے ہیں۔
ویب سائٹ: www.jubileefamilytakaful.com

## کیا میں اس پلان سے بوقتِ ضرورت رقم حاصل کر سکتا ہوں؟

- جزوی رقم حاصل کرنا:

آپ اپنی باقاعدگی سے جمع شدہ رقوم، ٹاپ اپ کی رقوم اور اس پر حاصل ہونے والے منافع کی رقوم کو ممبر شپ کے پہلے سال کے علاوہ کسی بھی وقت حاصل کر سکتے ہیں بشرطیکہ جزوی دستبرداری کے بعد آپ کی کیش ویلیو میں بنیادی کنٹری بیوشن موجود ہو، جب تک آپکا سم کورڈ آپکی جزوی دستبرداری سے کم نہیں ہو جاتا آپ جزوی دستبرداری کے باوجود تکافل فوائد حاصل کر سکیں گے۔

- **مکمل رقم حاصل کرنا:**

آپ کسی بھی وقت اپنے پلان کو سرینڈر کر سکتے ہیں۔مکمل دستبرداری کے وقت آپ کو فنڈ میں موجود نقد رقم ادا کر دی جائے گی اگر ممبر شپ کے قریب ترین سالوں میں مکمل دستبرداری کی گئی تو کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے۔

**بڑھتے ہوئے افراطِ زر کا مقابلہ:**

بڑھتے ہوئے افراطِ زر کا مقابلہ کرنے کے لئے آپ کو اپنی ممبر شپ میں سے انڈیکسیشن کے انتخاب کا آپشن ملتا ہے۔اِس آپشن کے انتخاب کی وجہ سے آپ کا کنٹری بیوشن ہر سال کمپنی کی تعین کردہ حد کے اندر خودمختار طریقے سے بڑھتا رہے گا۔

بہر حال آپ جب تک چاہیں،آپ کے پاس انڈیکسیشن کو منسوخ کرنے کا حق برقرار رہے گا۔

## تکافل وقار پلان میں کیا فیس شامل ہیں؟

تکافل وقار پلان میں مندرجہ ذیل فیس شامل ہیں۔

| وکالہ فیس جو کہ مندرجہ ذیل فیس پر مشتمل ہے* | |
|---|---|
| ایلوکیشن فیس | باقاعدگی سے دیئے جانے والے کنٹری بیوشن میں سے بچنے والی تمام رقم جو پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں ایلوکیٹ نہیں ہوئی ہو۔ |
| انویسٹمنٹ منیجمنٹ فیس | سالانہ %1.5 نیٹ ایسٹ ویلیو PIF کا حصہ ہوگا۔ |
| ایڈمن فیس | ہر ماہ 185 روپے۔ |
| تکافل کنٹری بیوشن | SECP سے منظور شدہ اصولوں کے مطابق PIA اکاؤنٹ سے کنٹری بیوشن کی کٹوتی ہوگی اور IFTPF میں منتقل ہوگی تاکہ IFTPF سے تحفظاتی فوائد کی ادائیگی کی جاسکے۔ |
| IFTPF سے وصول کی جانے والی وکالہ فیس | • ہر تکافل کنٹری بیوشن کا %25 پارٹسپنٹ ممبر شپ دستاویز (PMD) میں موجود تفصیلات کے مطابق فوائد کی ادائیگی کیلئے ہوگا۔<br>• ہر تکافل کنٹری بیوشن کا %40 ضمنی تکافل فوائد کے دستاویزات میں موجود تفصیلات کے مطابق ضمنی تکافل فوائد کی ادائیگی کیلئے ہوگا۔ |
| منتقلی فیس | ایک ممبر شپ سال میں چار مرتبہ سے زائد منتقلی پر ہر مرتبہ 500 روپے چارج ہونگے۔ |
| مضارب شیئر | ونڈو تکافل آپریٹر (مضارب)، IFTPF (رب المال) کے راس المال کی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والے منافع کا %40 مضاربہ کی بنیاد پر حاصل کرے گا۔ |

*ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے اس میں تبدیلی بھی کی جاسکتی ہے۔

## منافع کی تقسیم:

تکافل وقار پلان اپنے پارٹسپنٹ کو صرف تحفظ ہی نہیں بلکہ IFTPF میں بچ جانے والی رقم (سرپلس) بھی پیش کرتا ہے جو عقد تبرّع کی بنیاد پر دی گئی رقوم سے کلیمز کی ادائیگی اور دیگر اخراجات منہا کرنے کے بعد درج ذیل ترتیب سے ادا کئے جائینگے۔ اگر بیان کی گئی مدت کے اختتام پر کلیمز کی ادائیگی اور دیگر اخراجات منہا کرنے کے بعد کچھ اضافی رقم بچ گئی تو وہ رقم درج ذیل مقاصد کے لئے استعمال کی جائے گی۔

1۔ فنڈ کا ایک حصہ وقف پول کو مستقبل میں مستحکم کرنے کیلئے مختص کیا جائے گا تا کہ آئندہ آنے والے بڑے کلیمز کی ادائیگی میں سہولت فراہم کر سکے۔

2۔ باقی موجودہ رقم (سرپلس) پارٹسپنٹس میں منصفانہ طور پر تقسیم کی جائے گی۔

ونڈو تکافل آپریٹر منافع کسی بھی صورت میں اپنی ملکیت میں نہیں لے سکتا سرپلس ہمیشہ پول اور عوام کے مفاد میں استعمال کئے جائینگے۔

## فری لک پیریڈ:

تکافل وقار پلان آپ کو آفر کرتا ہے 14 دن کا فری لک پیریڈ جس میں آپ پلان کے تمام اصول وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور ممبرشپ ختم کر سکتے ہیں، جبکہ آپ کا کنٹری بیوشن ممبرشپ کے اجراء کے 14 دن کے اندر آپ کی تحریری درخواست پر آپ کو واپس کر دیا جائے گا۔ جس میں آپ کی میڈیکل فیس اور دیگر اخراجات کی کٹوتی شامل ہوگی اور اگر آپ کے کنٹری بیوشن سے وقف پول میں دی جانے والی کوئی رقم ہوئی تو اس کی بھی کٹوتی کی جاسکتی ہے۔

## تکافل وقار پلان کے یونٹس میں سرمایہ کاری سے متعلق کیا رسک ہیں؟

- تکافل وقار پلان پر اثر انداز ہونے والا رسک مارکیٹ کے رسک پر منحصر ہے ممکن ہے یونٹس کے ریٹ کم ہو جائیں، بڑھ جائیں یا کچھ بھی تبدیلی نہ ہو۔
- فنڈز کی گزشتہ کارکردگی کی بنیاد پر مستقبل کی کارکردگی کی پیشن گوئی نہیں کی جاسکتی۔

## ضروری معلومات:

- یہ پروڈکٹ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ ایچ بی ایل پاکستان اس سے متعلقہ کسی چیز کا ضامن نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ پروڈکٹ بینک کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔

- جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز اپنے موجودہ فنڈ سے متعلق مستقبل کے لئے کوئی پیشن گوئی فراہم نہیں کریگا۔ فنڈ سے متعلق بتائی گئی کسی پیشن گوئی کا جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز ذمہ دار نہیں ہوگا اور نہ ہی بینک ضامن ہوگا۔

- ذاتی السٹریشن تکافل کنسلٹنٹ کی جانب سے فراہم کی جائیگی۔ ازراہِ کرم السٹریشن میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط اچھی طرح سمجھ لیں۔

- براہِ کرم پارٹسپنٹ ممبرشپ دستاویز (PMD) میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط اچھی طرح سمجھ لیں۔

- ممبرشپ حاصل کرتے وقت پارٹسپنٹ کی عمر55 سال ہو یا قریب ترین تاریخ پیدائش اسکے قریب ہوتو ضمنی تکافل فوائد دیئے جاسکتے ہیں۔
- ایچ بی ایل پاکستان، جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈوتکافل آپریشنز کی پروڈکٹ کو مہیا کرنے والا ہے۔ایچ بی ایل پاکستان فوائد حاصل کرنے والے یا کسی بھی فرد کے لئے ضامن نہیں ہوگا۔
- جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈوتکافل آپریشنز ہی انڈر رائٹر ہے اور فوائد حاصل کرنے والوں کو کلیم کی ادائیگی اور تحفظ فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے۔
- سرمایہ کاری میں نقصان کے خدشات پارٹسپنٹ کی جانب سے تصور کئے جائیں گے، تکمیل مدت کے وقت یا ممبرشپ ختم کرنے کے وقت اصل رقم بیان کردہ رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔
- ازراہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈ تکافل آپریشنز کی ویب سائٹ پر رجوع کریں: (http://jubileefamilytakaful.com/jubilee-family-takaful-funds/investors-outlook/)

## رابطے کے لئے تفصیلات:

**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

ونڈوتکافل آپریشنز

74/A-1، لالہ زار، مولوی تمیزالدین خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان۔

فون نمبر: (021) 35205095

فیکس نمبر: (021) 35610959

یواےاین: (021) 111-111-554

ایس ایم ایس: ٹائپ کریں "JUBILEELIFE" اور 8398 پر بھیج دیں

ای میل: info@jubileelife.com، complaints@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileefamilytakaful.com

**حبیب بینک لمیٹڈ**

یواےاین: 111-111-425

ویب سائٹ: www.hbl.com

# جوبلی فیملی تکافل ۔ تکافل وقار پلان کی شرعی حیثیت

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر کی حیثیت سے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ جوبلی فیملی تکافل کا **تکافل وقار پلان** وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔ میں نے اس سے متعلقہ تمام امور جس میں دستاویزی کاغذات بشمول ممبرشپ دستاویز کا بغور جائزہ لیا ہے مزید یہ کہ فیملی تکافل کی سرمایہ کاری اور اس سے متعلقہ تمام فنڈز کا جائزہ لیا ہے اور بحمد اللہ ان تمام امور کو شریعت کے اصولوں کے مطابق پایا ہے۔

میری رائے میں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے جوبلی فیملی تکافل کے **تکافل وقار پلان** کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

مفتی ذیشان عبدالعزیز

شرعی مشیر